بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

درخواست برائے اعتراض صوبائی اسمبلی ضلع گجرات پنجاب

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض پرداز ہے۔

1۔ یہ کہ سائل ضلع گجرات کے پرانا حلقہ PP109 اور موجودہ حلقہ PP-29 کا ووٹر ہے۔

2۔ یہ کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے حلقہ بندی کی فہرست پر سائل کے تحفظات اور اعتراضات ہیں۔

3۔ یہ کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے تجویز کردہ حلقہ بندی میں زمینی حقائق مدنظر نہیں رکھیں گے۔

4۔ یہ کہ سابقہ حلقہ PP-108 اور PP-109 اور PP-110 جو کہ موجودہ PP-28، PP-29 اور PP-30 ہیں میں آبادی کا بیلنس نہیں ہے۔

5۔ یہ کہ موجودہ PP-28 کے قانوگوئی حلقہ ٹانڈہ 1 کے تمام پٹوار سرکل ماسوائے رندھیر اور شیخ چوگانی پٹوار سرکل کے باقی تمام کو PP-29 میں شامل کیا جانا ضروری ہے۔ان پٹوار سرکل کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔

پٹوار سرکل:۔

(1) بھاگووال کلاں (2) بھیلووال (3) چوپالہ (4) دھاڑیوال (5) ڈھول کلاں (6) کاسب (7) کسوکی (8) لکھنوال خاص (9) لکھنوال خاصہ (10) نانووال (11) راکے بہل پور

قانوگوئی حلقہ پیروشاہ (II) جس کے پٹوار سرکل بھوئیاں 1 اور 2 کو بھی PP-29 میں شامل کیا جانا ضروری ہے۔

6۔ یہ کہ مندرجہ بالا پٹوار سرکل کے عوام کا تھانہ صدر جلالپور جٹاں جو کہ PP-29 میں ہے اور اس پٹوار سرکل کے آبادی کا شہری رابطہ PP-29 جلالپور جٹاں سے ہے۔

7۔ یہ کہ مندرجہ بالا پٹوار سرکل کے عوام کا PP-29 جلالپور جٹاں کے بازار تعلیمی رابطہ ہے۔کیونکہ وہاں پر سکولز، کالجز، یونیورسٹی ہے۔جس کی وجہ سے عوام کا روز وہاں آنا جانا ہوتا ہے۔

8۔ یہ کہ PP-29 الیکن کمیشن نے موجودہ مجوزہ کے تحت ایک خاص برادری اور ایک سیاسی پارٹی، سیاسی گھرانے کو تقویت دیئے جانے کا اندیشہ ہے جو کہ اس علاقے کے اعوام میں اس بات کا خوف وہراس اور اندیشہ ہے کہ قبل از وقت یہ ایک خاندان کو الیکشن میں سپورٹ کرنے کیلئے رکھا گیا ہے۔

9۔ یہ کہ اگر کسی غیر جانبدار اتھارٹی کو یہ ذمہ داری سونپی جائے کہ یہ بات ثابت ہوگی PP-28 کے مندرجہ بالا پٹوار سرکل کو PP-29 میں شامل کرنے سے اعوام کو انتظامی یونٹ، سفری معاملات اور دیگر سہولیات با آسانی میسر ہونگی۔

10۔ یہ کہ موجودہ PP-29 کے قانو گوئی حلقہ دولت نگر 1 اور 2 کو مکمل طور پر PP-28 میں شامل کر کے اس کی آبادی کا Balance کیا جاسکتا ہے۔ جس پر کسی بھی سیاسی پارٹی یا عوام کو بھی اعتراض نہیں ہوگا۔

11۔ یہ کہ PP-29 کے قانو گوئی حلقہ دیونہ 1 اور 2 کے جو پٹوار سرکل PP-29 میں شامل کیے گئے ہیں اُن کو PP-30 کا حصہ بنا کر آبادی کا تناسب پورا کیا جاسکتا ہے۔

12۔ یہ کہ PP-30 کے حلقہ قانو گوئی گجرات 1 اور 2 کے جو پٹواری سرکل PP-30 میں شامل ہیں اُن کو PP-29 میں شامل کر کے آبادی کا تناسب اور حلقے کی عوام کو انتظامی اور سفری سہولیات دی جاسکتی ہیں۔ جبکہ پہلے بھی حلقہ قانو گوئی گجرات 1 اور 2 کے چند ایک پٹوار سرکل پہلے سے ہی PP-29 میں شامل ہیں۔ بقیہ پٹوار سرکل جن کو شامل کیا جانا ہے اُن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پٹوار سرکل حلقہ قانو گوئی گجرات 1 اور 2

(1) چک بھولہ (2) گلانوالہ (3) مدینہ (4) سوک کلاں (5) چک سادہ اور (6) رتی

13۔ یہ کہ PP-28 کی آبادی موجودہ 3,75,119 ہے اور PP-29 کی آبادی 408258 ہے ور PP-30 کی آبادی 3,92,212 ہے۔ اسطرح سے ان تینوں حلقوں میں آبادی کا تناسب نہیں پایا جاتا ہے۔

14۔ یہ کہ جو مندرجہ بالا اعتراض اُٹھائے گئے ہیں اگر ان کو تحت حلقہ کو ترتیب دی جائے تو PP-28 کی آبادی 3,88,444 ہوگی اور PP-29 کی آبادی 3,87,588 ہوگی اور PP-30 کی آبادی 3,98,314 ہوگی۔

15۔ یہ کہ حلقہ PP-28 کے قانو گوئی حلقہ ٹانڈہ 1 کے ووٹر مظہر اقبال ولد محمد نذیر سکنہ لکھنوال خورد ڈاکخانہ خاص تحصیل وضلع گجرات اور حلقہ PP-28 کے قانو گوئی حلقہ پیروشاہ (II) پٹوار سرکل بھوئیاں کے چوہدری جاوید اقبال ولد فضل حسین جنرل کونسل U.C. چک کمالہ سکنہ چک کمالہ ڈاکخانہ خاص، تحصیل وضلع گجرات بھی ان اعتراضات جو کہ PP-28 کے پٹوار سرکل PP-29 میں شامل کیے جانے ہیں کی تائید کرتے ہیں اور PP-30 کے حلقہ قانو گوئی گجرات پٹوار سرکل چک بھولہ کے تفسیر احمد ولد محمد بشیر سکنہ چک بھولہ ووٹر PP-30 بھی اس بات کی تائید کرتے ہیں کہ اُن کے پٹوار سرکل PP-29 میں شامل کیے جائیں۔

16۔ یہ کہ آبادی کی تفصیلات کچھ اسطرح سے ہیں۔ کہ PP-28 کے جو حلقہ قانو گوئی ٹانڈہ 1 کے پٹوار سرکل اور حلقہ قانو گوئی پیروشاہ کے پٹوار سرکل کو PP-29 میں شامل کیا جانا ہے اُن کی آبادی تقریباً 80795 ہے اور جو حلقہ قانو گوئی دولت نگر کے پٹوار سرکل کی آبادی تقریباً 87029 شامل کی جانی ہے اور حلقہ قانو گوئی گجرات 1 اور 2 کے پٹوار سرکل کی آبادی تقریباً 55269 شامل کی جانی ہے۔ جس سے آبادی کا تناسب درست ہوجائیگا۔

17۔ یہ کہ حلقہ قانو گوئی جلالپور جٹاں کے دو پٹوار سرکل ٹھمکہ اور بھراج جن کو PP-28 میں شامل کر دیا گیا ہے کو بھی PP-29 میں شامل کیا جانا ضروری ہے۔

18۔ یہ کہ آبادی کی تفصیلات محکمہ شماریات کی طرف سے جو دی گئی ہیں لف ہیں اور حلقہ کے نقشہ جات بھی لف ہیں

استدعا کی جاتی ہے کہ سائل کی اپیل اعتراضات صوبائی اسمبلی حلقہ PP-29 کی مندرجہ بالا اعتراضات کی روشنی میں درستگی کی جائے اور اپیل منظور فرمائی جائے۔

العـــــــــــــــــــارض

سید علی حیدر شاہ ولد سید اسلم شاہ شناختی کارڈ نمبر 34201-5887070-1

ساکن سٹریٹ نمبر 4 محلہ اقبال کالونی، جلالپور جٹاں تحصیل و ضلع گجرات کا رہائشی اور ووٹر ہے۔

شماریاتی بلاک کوڈ 171230201 سلسلہ نمبر 661

فون نمبر: 0314-4757424

بذریعہ کونسل:۔ حسنین گوندل ایڈووکیٹ

فون نمبر: 0300-8896097